# مرکز برائے انسداد بیماری (C.D.C) کا بے دخلی روکنے کے حقائق کا دستاویز

3 اگست، 2021 کو مرکز برائے انسداد بیماری (C.D.C) نے COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد کرنے کے لیے ریاستہائے متحدہ کے کئی کرائے داروں کے لیے ادائیگی کے التوا کی وجہ سے بے دخلی کو روکنے کا نیا قومی اعلان کیا ہے۔ یہ حکم COVID-19 کے اونچی یا نمایاں شرح پر پھیلاؤ سے گذرنے والے مضافاتی علاقوں میں رہنے والے کرائے داروں کے لیے 3 اگست، 2021 سے لے کر 3 اکتوبر 2021 تک نافذالعمل رہے گا۔ جن کرائے داروں نے CDC کی سابقہ بے داخلی روکنے کے حکم، بے دخلی روکنے کی قوی ریاستی یا مقامی قرارداد دائر کی تھی جس کی معیاد 31 جولائی کو ختم ہو گئی تھی ان کو یہ قرارداد دوبارہ جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ حکم قائم کردہ قوی ریاستی یا مقامی بے دخلی روکنے ( کےاحکامات) کو تبدیل یا ان کی جگہ نہیں لیتا ہے اور کرائے دار اور حمایتیوں کو قوی مقامی، ریاستی اور وفاقی تحفظات کے ساتھ کام کرنا جاری رکھنا چاہیئے۔ **کانگریس نے ریاستی اور کاؤنٹیز کے ذریعے کرائے اور عام اخراجات (یوٹیلیٹی بل) میں مدد کرنے کے لیے 40 بلین ڈالز دستیاب بنائے ہیں۔ آپ کے علاقے میں درخواست کس طرح دی جائے کے بارے میں جاننے کے لیے https://bit.ly/CFPBERAP پر جائیں۔**

## کیا میں اہل ہوں؟

کرائے دار تحفظ کے لیے اہل ہیں اگر یہ:

- آپ COVID-19 کے اونچی یا نمایاں شرح پر پھیلاؤ سے گذرنے والی کاؤنٹیز میں رہتے ہیں: https://covid.cdc.gov/covid-data-tracker/#county-view
- آمدنی ختم ہوجانے یا طبی اخراجات کی وجہ سے کرایہ ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں
- یا تو 2021 میں انفرادی طور پر $99,000 سے کم **یا** بطور ایک اہلِ خانہ $198,000 سے کم آمدن کی توقع کرتے ہیں **یا** انہوں نے ایک امدادی (اسٹیمیولس) چیک موصول کیا تھا **یا** ان کو 2020 کا ٹیکس فائل کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔
- حکومت کے کرائے کی امداد کے ممکنہ طور پر دستیاب سرمائے تک رسائی کی کوشش کی ہے یا کی تھی۔
- یہ سمجھیں کہ اگر یہ ممکن ہے تو ان کا فرض ہے کہ کرایہ ادا کریں بشمول کرائے کی جزوی ادائیگی کے، اس کی بنیاد ان کی معاشی برداشت پر ہے۔
- اگر کرایہ دار کو بے دخل کر دیا تو یہ بے گھر ہو جائے گا یا اس کو بھیڑ والی یا معیار سے کم تر رہائشی صورتِ حال میں رہنا پڑے گا

ان تحفظات کے حصول کے لیے، کرایہ داروں — اور گھر میں رہنے والے تمام بالغان کو — مالکِ مکان کے پاس ایک دستخط شدہ قرار داد جمع کروانی ہو گی (ذیل میں ملاحظہ کریں) جس میں بیان کیا گیا ہو کہ یہ اہل ہیں اور قانونی سزاؤں سے آگاہ رہتے ہوئے یہ سچائی بیان کر رہے ہیں۔ کرائے داروں کو قرارداد کی ایک نقل اور مالکِ مکان کے ساتھ تمام خط و کتابت کو سنبھال کر رکھنا چاہیئے۔

تمام عدالتیں CDCکے اس حکم کو یکساں طور پر اہمیت نہیں دیتی ہیں اور ہو سکتا ہےکچھ قوانین میں ان تحفظات کا اطلاق نہ ہو۔ قرارداد میں مدد کے لیے یا اگر آپ کو بے دخلی کا سامنا ہے تو اپنے مقامی قانونی خدمات کی تنظیم یا مقامی برادری کے تنظیمی گروپ سے قانونی مدد حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں۔

## آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے:

- یہ حکم حقیقتاً کرائے پر دی گئی تمام ملکیتوں کا احاطہ کرتا ہے بشمول COVID-19 کے اونچی یا نمایاں شرح پر پھیلاؤ سے گذرنے والی کاؤنٹیز میں ایک خاندان کے گھر (سنگل فیملی ہوم)، موبائل ہومز کے۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ کرائے داران اور مالکان مکان احاطہ کردہ علاقے میں رہتے ہیں ان کو https://covid.cdc.gov/covid-data-tracker/#county-view کو دیکھنا چاہیئے۔
- حکم مالکان مکان کو اہل علاقوں میں کرائے داروں کو 3 اکتوبر، 2021 تک کرائے کی عدم ادائیگی کی وجہ سے بے دخل کرنے سے روکتا ہے اگر انہوں نے اپنے مالکِ مکان کے پاس CDC کی ایک قرارداد جمع کروائی ہے (قرار داد کو ذیل میں ملاحظہ کریں)۔
- کرائے دار کے اپنے مالکِ مکان کو ایک قرارداد بھیج دینے کے بعد، مالکِ مکان ان کو بے داخل کرنے کے لیے کوئی عمل نہیں کر سکتا ہے یا 3 اکتوبر، 2021 تک کرائے کی عدم ادائیگی کی وجہ سے کرائے دار کو نکال نہیں سکتا ہے ۔ بشمول ان اعمال کے جیسے کہ عدالتی مقدمے کے یا ہراساں کرنے یا دھمکانے کے ذریعے کرائے دار کو نکالنے کے۔
- یہ ادا نہ کیے گئے کرائے کو منسوخ یا روکتا نہیں ہے، یا )ادا نہ کئے گئے (کرائے کو جمع ہونے سے نہیں روکتا ہے یا جو کہ حکم کے ختم ہونے پر واجب الادا ہو گا۔
- حکم اہل کرائے داروں کو 3 اکتوبر، 2021 سے قبل کرائے کی عدم ادائیگی کے علاوہ مخصوص وجوہات کی بنا پر بے دخل کرنے کی اجازت دیتا ہے جس میں شامل ہے (ماسوائے ریاستی یا مقامی قانون قوی "بے داخل کرنے کے منصفانہ" تحفظات کو فراہم کرتا ہو): کرائے کی بروقت ادائیگی یا رہائش سے متعلق ایسی ادائیگیوں (بشمول عدم ادائیگی یا تاخیر سے ادائیگی کی فیس، جرمانوں یا سود) کے علاوہ، املاک پر مجرمانہ کارروائیوں میں مشغول ہونا؛ دیگر رہائشیوں کی صحت اور تحفظ کو خطرے میں ڈال دینا؛ املاک کو نقصان پہنچانا یا نقصان پہنچانے کا ایک فوری یا نمایاں خطرہ ظاہر کرنا؛ عمارت کے کسی بھی قابلِ اطلاق ضابطے، صحت کے قاعدے، یا اس سے مماثل صحت اور تحفظ کے متعلقہ ضوابط کی خلاف ورزی کرنا؛ یا معاہدے کے کسی بھی دیگر فرض کی خلاف ورزی کرنا۔

PolicyLink · nhlp National Housing Law Project · Partnership for Working Families · Public Advocates Making Rights Real · Right to the City · People's Action Institute · Alliance for Housing Justice · The Center for Popular Democracy · MHAction Manufactured Housing Action · PRRAC Poverty & Race Research Action Council · National Low Income Housing Coalition

OMB Control No. 1920-1303
Form Expiration: 9/30/2021

# بے دخلی سے تحفظ کی قرارداد

مرکز برائے انسداد بیماری (C.D.C) نے ایک حکم جاری کیا ہے جو آپ کو آپکی رہائش سے بے دخل کیے جانے یا جہاں آپ رہتے ہیں اس جگہ سے نکالے جانے کے خلاف تحفظ فراہم کرسکتا ہے۔ **اس کا مطلب ہے کہ آپ جس جگہ رہتے ہیں آپ اس جگہ پر 3 اکتوبر، 2021 تک رہ سکتے ہیں، اگر آپ اہل ہیں۔**

## اس فارم کو کس طرح استعمال کریں

1. یہ جانیں اگر آپ CDC کے حکم تحت بے دخل کیے جانے کے تحفظ کے لیے اہلیت رکھتے ہیں۔ اگر آپ کو ایک ماہر کی مدد کی ضرورت ہے، 569-4287 (800) پر رابطہ کریں یا HUD منظور شدہ رہائش کے مقامی مشیر کی رابطہ معلومات کے لیے [https://www.hudexchange.info/programs/housing-counseling/rental-eviction/](https://www.hudexchange.info/programs/housing-counseling/rental-eviction/) پر جائیں۔
2. اگلے صفحے پر قرارداد پر دستخط کریں کہ آپ اہل ہیں۔
3. دستخط شدہ قرار داد کو اس فرد یا کمپنی (مثال کے طور پر عمارت کی انتظامیہ، مالک، مکان وغیرہ) کو دیں جس کے آپ کرایہ دار ہیں۔ اپنے ریکارڈ کے لیے ایک نقل یا تصویر سنبھال کر رکھیں اور اگر کوئی مسئلہ ہے تو اپنے ماہر سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کا مالکِ مکان CDC کے قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے تو یہ مجرمانہ جرمانوں کے موقوف پر ہوں گے، بشمول جرمانوں یا جیل میں ایک مدت تک کی قید کے۔

---

## 1. کیا میں اہلیت رکھتا ہوں؟

*اگر آپ اہلیت رکھتے ہیں تو کم سے کم ہر ایک کالم میں ایک خانے پر نشان لگائیں کہ آپ اہلیت رکھتے ہیں۔*

### کالم *A* اور

- ☐ میں نے 2020 یا 2021 میں امدادی )معاشی اثر پذیری کی ادائیگی کا (چیک موصول کیا تھا
- ☐ مجھ سے 2020 میں IRS سے کسی بھی آمدنی کی رپورٹ کرنا درکار نہیں تھا۔
- ☐ میں ذیل کے **کوئی بھی** مفادات موصول کر رہا ہوں
  - اضافی غذا مدد پروگرام (SNAP)
  - ضرورت مند خاندانوں کے لیے عارضی امداد(TANF)
  - سوشل سیکیورٹی اضافی آمدنی (SSI)
  - سپلیمینٹل سیکیورٹی ڈِس ایبیلیٹی انکم (SSDI)
- ☐ 2020 یا 2021 میں بطور ایک فرد میری آمدنی $99,000 **سے کم** یا مشترکہ طور فائل کرنے فرد کے طور پر $198,000 (**سے کم تھی** یا میں اس سے کم آمدنی کی توقع کرتا ہوں)

**مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں — پ اہلیت نہیں رکھتے ہیں**

### کالم *B*

میں اپنا مکمل کرایہ ادا نہیں کر سکتا یا گھر کی مکمل ادائیگی نہیں کر سکتا کیونکہ:

- ☐ میرے گھرانے کی آمدنی بہت حد تک کم ہو گئی ہے
- ☐ میری ملازمت ختم ہو گئی ہے
- ☐ میر کام کے گھنٹوں میں یا تنخواہ میں کمی کر دی گئی ہے
- ☐ میں اپنی جیب سے بڑے طبی )میڈیکل (اخراجات کی ادائیگی کر رہا ہوں [1]

**مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں — پ اہلیت نہیں رکھتے ہیں**

**آپ نے ہر ایک کالم میں سے کم سے کم کسی ایک پر نشان لگایا ہے؟ آپ کی آمدنی کی سطح اہل ہے۔**

[اگلے صفحے پر پہلے خانے پر نشان لگائیں]

---

[1] جس کی وضاحت 7.5 %یا سال کے لیے میری مجموعی آمدنی کے طور پر کی جاتی ہے

## 2. میرا اعلان کہ میں اہلیت رکھتا ہوں

ذیل کے خانے پر نشان لگا کر، میں اعلان کرتا ہوں کہ ہر ایک بیان درست ہے۔

- ☐ میں ریاستہائے متحدہ ایک ایسی کاونٹی میں رہتا ہوں جس میں SARS-CoV-2 کی برادری میں بھیلاؤ کی نمایاں یا اونچی[2] شرح ہے۔
- ☐ مذکورہ بالا میں وضاحت کردہ وجوہات کی بنا پر میری آمدنی اہل ہے
- ☐ میں نے برمحل انداز میں جزوی ادائیگی کرنے کی پوری کوشش کی ہے جو کہ ممکنہ طور پر مکمل ادائیگی کے بہت قریب ہے اور جو کہ میرے کرائے یا رہائش کی ادائیگی کرنے کے لیے سرکاری امداد حاصل کرنے کی پوری کوشش کی ہے۔[3]
- ☐ گر مجھے میرے گھر سے بے داخل کر دیا جاتا ہے میرے لیے رہائش کا کوئی دیگر انتخاب دستیاب نہیں ہے، اس لیے میں:
  - ممکن ہے کہ میں بے گھر ہو جاؤں **یا**
  - مجھے بے گھر افراد کی پناہ گاہ )شیلٹر (میں جانا پڑے، یا
  - کسی اور کے ساتھ منتقل ہونا پڑے جہاں پہلے کئی افراد رہتے ہیں یا
- ☐ میں جانتا ہوں میرے دستخط کرنے کے بعد:
  - ماسوائے کہ میں اپنے مالکِ مکان کے ساتھ ایک معاہدہ کر لوں، میں، پھر بھی کرائے، گذشتہ کرائے، اور میرے کرائے معاہدے (لیز) کے تحت کسی بھی فیسوں، جرمانوں یا سود کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہوں۔
  - میرے لیے پھر بھی اپنے لیز معاہدے کی تکمیل کرنا لازمی ہے
  - ماسوائے کہ میں اپنے مالکِ مکان کے ساتھ ایک معاہدہ کر لوں، اگر میں مطلوبہ ادائیگیاں نہیں کر سکا، تو اس بے دخل کیے جانے کے التوا کے اس قانون کے اختتام پر مجھے بے داخل کیا جا سکتا ہے۔
  - مجھے کرائے کی عدم ادائیگی یا گھر کی عدم ادائیگی کے علاوہ دیگر وجوہات کی بنیاد پر بے دخل کیا جس سکتا ہے۔

### کرائے داروں کے لیے مسائل کے حل کے آلہ کار

**ہنگامی صورت میں کرائےکے لیے مالی مدد**
منظور شدہ رہائش کے مقامی HUD مشیر کے لیے فہرستوں کو دیکھنے کے لیے (800) 569-4287 پر رابطہ کریں

**قرضوں کی وصولی کے مسائل کی رپورٹ کرنے کے لیے**
CFPB کے پاس **cfpb.gov/complaint** پر ایک شکایت جمع کروائیں

**امتیازیت کی رپورٹ کرنے کے لیے**
ایک شکایت جمع کروائیں HUD سے (800) 669-9777 پر رابطہ کریں۔

***میں تعزیراتِ دروغ گوئی کے تحت اس قرارداد[4] پر دستخط کرتا ہوں۔ جس کا مطلب ہے کہ میں وعدہ کررہا ہوں مذکورہ بالا بیانات سچ ہیں اور میں جانتا ہوں کہ مجھے جھوٹ بولنے پر مجرمانہ سزا دی جا سکتی ہے۔***

آپ یہاں دستخط کریں:

X ______________________ تاریخ: ____________

## 3. اس دستخط شدہ صفحے کو اس فرد یا کمپنی کو دیں جن کے آپ کرایہ دار ہیں۔

**مالکِ مکان متوجہ ہوں:** آپ کی تکمیل کرنے کا شکریہ۔ اگر آپ CDC کے بے داخل کیے جانے کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو آپ اور / یا آپ کا کاروبار مجرمانہ جرمانوں کے موقوف پر ہو سکتا ہے، بشمول جرمانے اور جیل میں سزا کے ۔

---

[2] COVID-19 کی مربوط کاؤنٹی کو ذیل پر ملاحظہ کریں: https://covid.cdc.gov/covid-data-tracker/#county-view/

[3] آپ کے لیے جو بھی مدد دستیاب ہے اس کو جاننے کے لیے اپنے مقامی ماہر سے رابطہ کرنا بہترین طریقہ ہے۔ HUD منظور شدہ رہائش کے مقامی مشیر کے لیے فہرستوں کو دیکھنے کے لیے (800) 569-4287 پر رابطہ کریں

[4] اگر آپ نے پہلے ہی سے بے داخل کیے جانےکے تحفظ کی قرارداد پر دستخط کر دیئے ہیں، تو آپ کو ایک اور قرارداد جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے